**28/02/2025**

**07.40 PM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........بھارت اور یورپی کمیشن نے باہمی رشتوں کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے کا دُہرایا عزم۔

*........سائنس کا قومی دن آج // لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اختراعیت کو فروغ دینے کیلئے سائنس و ٹیکنالوجی شعبے کی زیادہ سے زیادہ جدید کاری پر دیا زور ۔

*........موسم میں تبدیلی کے پیش نظر وادی کے تعلیمی اداروں میں سرمائی تعطیلات میں 6مارچ تک توسیع ۔

اور

*........انتظامیہ نے رمضان المبارک کے دوران بلا خلل بجلی سپلائی کرنے کا دلایا یقین ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یوروپین کمیشن کی صدر Ursula Von der leyen کے ساتھ وفد کے سطح کی بات چیت کی۔اس دوران انہوں نے باہمی رشتوں کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے سے جڑے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔بعد میں ایک پریس کانفرنس کے دوران وزیر اعظم نے کہاکہ بھارت اور یورپی یونین کی شرکت داری اعتماد ، بھروسے اور جمہوری اقدار پرمبنی ہے۔انہوں نے کہا ۔

یورپی صدر

اس مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یورپی کمیشن کی صد ر نشین نے کہا کہ بھارت کی مہمان نوازی بے مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ یورپی یونین بھارت کے ساتھ مل کر کام کرکے مختلف چلینجوں کا حل نکالنے کیلئے تیار ہے ۔

سائنس دن

آج سائنس کا قومی دن منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن 28فروری 1928کو ایک معروف بھارتی سائنس دان سر۔ سی۔ وی۔ رمن کی طرف سے رمن ایفکٹ کی دریافت کی یاد میں منایاجا تا ہے ۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے وگیان بھون نئی دلی میں قومی سائنس ڈے کے تعلق سے منعقدہ ایک تقریب پر اپنے خیالات کا اظہا رکرتے ہوئے کہا ۔

ایل جی

ادھر یونیورسٹی آف کشمیر میں سائنس کے قومی دن کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اختراعیت کو فروغ دینے نیز دیر پا مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے کی مزید جدید کاری پر زور دیا۔ انہوں نے معروف سائنس دان سر سی وی رمن کو خراج عقیدت پیش کیا ۔لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر کی یونیورسٹیوں کو ہدایت دی کہ وہ یونیورسٹیوں میں مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریاں قائم کریں۔

اس دوران ایل جی نے آج سون میراث نامی ثقافتی میلے کی اختتامی تقریب میں بھی شرکت کی۔

شبستان سائنس

سائنس کے قومی دن کے بارے میں سینئر سائنس کنسلٹنٹ ڈاکٹر شبستان غفار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

سائنسNIT

سائنس کے قومی دن کی افادیت کے بارے میں نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر کی انچارج ڈائریکٹر پروفیسر روحی ناز نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

جموں سائنس

جموں میں فزیکس شعبے کے ایسو سیٹ پروفیسر ڈاکٹر سنت کمارتیواری نے سائنس کے IIT قومی دن سے متعلق اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

بڈگام تقریب

سائنس کے قومی دن کے موقعے پر ڈگری کالج بڈگام میں بھی ایک تقریب منعقد ہوئی۔جس میں مقررین نے انسان کی زند گی میں سائنس کے رول کو اُجاگر کیا۔

ملاقات

خزانے کے مرکزی و زیر مملکت پنکج چودھری نے آج راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی۔

روزہ

آج ماہ شعبان المعظم کی 29تاریخ ہے۔اگر چہ رمضان المبارک کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی ابھی تک کوئی اطلاع نہیں ملی ہے تاہم یہ بات طے ہے کہ کل یا اتوار کو پہلا روزہ ہوگا۔روزوں سے انسان کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس بارے میں سکمز صورہ میں انٹرنل میڈسن اور پلمنالوجی شعبے کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر سید مدثر قادری نے کہا۔

واضح رہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر سے رمضان کے پورے مہینے میں اس مقدس مہینے کی اہمیت اور انسانیت کے دیگر پہلوؤں سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر ایک خصوصی کیپشول نشر ہوا کرے گا۔

بجلی رمضان

بجلی محکمہ رمضان المبارک مہینے کے دوران جموں کشمیر کے تمام علاقوں میں لوگوں کو بلاخلل بجلی فراہم کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے ۔ اس ضمن میں پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ محکمے کے پرنسپل سیکریٹری ایچ راجیش پرساد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رمضان المبارک کی آمد پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ پر زور دیاہے کہ وہ مقدس مہینے کے دوران لوگوں کےلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

## تپ دق

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ ملک کو تپ دق سے پاک کرنے کیلئے تمام اُڑیشہ میں طبی نگہداشت کے شعبے میں اختراعیت سے متعلق Puri کوششیں جاری ہیں۔ آج 9ویں قومی سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ حکومت ملک کے ہر ایک ضلعے مینکینسر مریضوں کیلئے ڈے کیئر مراکز کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

## TBورکشاپ

ادھر جموں و کشمیر میں بھی اس بیماری کا قلع قمع کرنے کےلئے کوششیں جاری ہیں۔ آج ڈسڑکٹ ٹی بی سینٹر درگجن سرینگر میں ایک میڈیا ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹی بی مخالف مہم کی سٹیٹ نوڈل آفیسر ڈاکٹر ادفر یاسین نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

## منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر سرگرم کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کوششیں کی جا ری ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے الہ آباد یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفیسر آر ایل ہانگلو سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

## تعطیلات

وادی میں موجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر سکولوں کی سرمائی تعطیلات میں توسیع کر دی گئی ہے اور اب سکول 7 مارچ کو کھلےں گے ۔ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## امتحانات

ناساز گار موسمی حالات کے چلتے جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے وادی میں یکم مارچ اور تین مارچ کو منعقد ہونے والے 10ویں ،11ویں اور 12ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کئے ہیں۔ اُمید وار مزید تفصیلات بورڈ کی ویب سائٹ www.jkbose.nic.in پر حاصل کر سکتے ہیں۔آکاشوانی نیوز سرینگر کو تفصیلات دیتے ہوئے بورڈ کے جوائنٹ سیکریٹری امتحانات سورج سنگھ راٹھور نے کہا ۔

## DGنیوز

آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلیوال گور آج کوہِما میں نارتھ ایسٹ زون کے آکاشوانی سٹیشنوں کی پروگرام اور کمرشل میٹنگیں منعقد کیں۔اس دوران انہوں نے نارتھ ایسٹ کی کو جاری کیا جس میں مقامی روایات کی بھر پور عکاسی کی گئی ہے۔Canvas

## میزبانی

فورم کی Economy اور سرکیولر Rبھارت تین مارچ سے پانچ مارچ تک بارہویں علاقائی 3 میزبانی کر رہا ہے ۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ فورم باہمی مشاورت کا ایک اعلیٰ ترین پلیٹ فارم ثابت ہو گا جس کی بدولت دیر پا ترقیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی ۔

## Waves

یکم مئی سے چار مئی تک منعقد ہونے والے ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹر ٹینمنٹ سمٹ میں تخلیق کاروں اور کہانی کاروں کو یو ٹیوب شارٹس بنا کر بھارت کے نظریے کی عکاسی کرنے کا موقعہ فراہم ہو رہا ہے ۔

## موسمی صورتحال

سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاکہ آج شام کے بعد موسم خوشگوار ہونے کا امکان ہے۔ تاہم دو ایک روز کے بعد مختلف علاقوں میں پھر سے ہلکی بارشیں اور برفباری ہو سکتی ہے ۔انہوں نے کہا ۔

## شاہراہ

سرینگر ۔جموں قومی شاہراہ مختلف مقامات پر بارشوں اور برفباری کی وجہ سے ابھی بھی آمد و رفت کےلئے بند ہے۔ ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے روہت بسکوترا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ شاہراہ پر ٹریفک کی آواجائی سے متعلق فیصلہ کل لیا جائے گا اور پہلے در ماندہ گاڑیوں کو بھی اپنی اپنی منزلوں کی طرف روانہ ہونے کی اجازت دی جائے گی۔

## سکبدوش

آکاشوانی بھدرواہ کے پروگرام ایگزیکٹیو غلام نبی میر آج اپنی نوکری سے سبکدوش ہوئے ۔ سٹیشن کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر پروگرامز عنایت اللہ گوہر نے غلام نبی میر کی خدمات کو سراہا ہے۔

## عرس

وادی کے بلند پایہ ولی کامل حضرت سید شاہ قاسم حقانیؒ کا سالانہ عرس اُنکے آستان عالیہ واقع نرپرستان فتح کدل میں منایا گیا۔

حضرت شمس الدین ختلانیؒ کا عرس مبارک بھی آج انکے آستان عالیہ واقع نواب بازار سرینگر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ دریں اثنا پیران پیر حضرت سید نا شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ کا یوم ولادت بھی آج مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

## سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران آنے والے خواتین کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ8مارچ کو خواتین کے دن کے موقعے پر مختلف شعبوں میں خواتین کے رول کو اُجاگر کیا جانا چاہئے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہو نے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 6اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفرڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجے پراور

غروب آفتاب شام6بجکر27منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.....................................................................

.....................................................

...................................

................................